Alberta

نیوز ریلیز

# بجٹ 2026: اہم امور میں سرمایہ کاری

26 فروری 2026

بجٹ 2026 ان معاملات پر مرتکز ہے جو انتہائی اہم ہیں: تعلیمی نظام میں استحکام، نگہداشت صحت کی بہتری اور البرٹا کے انتہائی زدپذیر افراد کی معاونت۔

کلاس رومز، نگہداشتِ صحت اور سماجی معاونتوں کی مانگ میں اضافہ جاری ہے۔ بجٹ 2026 ہدف کردہ سرمایہ کاریاں پیش کرتا ہے تاکہ خدمات کے نظام کو تقویت دی جائے اور البرٹا کے شہریوں کو ہر شعبۂ زندگی میں معاونت مہیا کی جائے۔

البرٹا کے شہری اپنی کمیونٹیز میں بروقت نگہداشت اور صحت کی خدمات تک قابل اعتماد رسائی کی توقع رکھتے ہیں۔ مشکلات سے نمٹنے اور صحت کے نظام پر پڑنے والے دباؤ کو حل کرنے کے لیے، البرٹا کی حکومت نگہداشتِ صحت کی مد میں کل 34.4$ بلین وقف کر رہی ہے تاکہ گنجائش میں اضافہ کیا جائے، انتظار کے اوقات میں کمی لائی جائے اور فرنٹ لائن نگہداشت کے نظام کو مضبوط بنایا جائے۔ اس سرمایہ کاری سے ہسپتالوں، سرجری کی خدمات، بنیادی نگہداشت اور ذہنی صحت اور نشے سے نجات کے معالجے کو معاونت دی جائے گی، جبکہ البرٹا کے شہریوں کو اپنے گھروں کے قریب نگہداشت موصول کرنے میں مدد کی خاطر اس سرمائے میں 26-2025 کی پیش گوئی کے مقابلے میں 1.9$ بلین یا تقریباً چھ فیصد اضافہ کیا جا رہا ہے۔ بجٹ میں فیملی فزیشنز اور نگہداشتِ صحت کے فرنٹ لائن کارکنان کے لیے سرمایہ کاریاں بھی شامل ہیں، نیز یہ بجٹ البرٹا کے شہریوں کو اپنے گھروں اور کمیونٹیز میں عزت و وقار کے ساتھ بڑھاپا گزارنے میں مدد دیتا ہے۔

البرٹا کے کلاس رومز اب بڑے اور مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں، کیونکہ صرف تین سالوں میں البرٹا کے تعلیمی نظام میں 80,000 طالب علم شمولیت اختیار کر چکے ہیں۔ بجٹ 2026 البرٹا کے تعلیمی نظام کے لیے 10.8$ بلین کی تاریخ ساز سرمایہ کاری کر رہا ہے، جو کہ 26-2025 کی پیش گوئی کے مقابلے میں 722$ ملین یا 7.2 فیصد اضافہ ہے۔ فنڈنگ سے 3,000 نئے اساتذہ اور 1,500 نئے تعلیمی معاونین کی بھرتی کی جانب ایک اہم قدم کی نمائندگی ہوتی ہے۔ البرٹا کی ریکارڈ ساز سرمایہ کاری میں اندراج میں اضافے سے نمٹنے کے لیے تین سالوں تک 560$ ملین سے زائد سرمایہ اور کلاس رومز کی پیچیدگی سے نمٹنے کے لیے تین سالوں تک 1.4$ بلین سرمایہ شامل ہیں۔ البرٹا کے کمیونٹی بھر میں موجود اسکولوں کی تزئین و آرائش اور نئے اسکولوں کی تعمیر کے حکومتی منصوبے کے جزو کے طور پر بجٹ 2026 میں عوامی اسکولوں کے 40 نئے پروجیکٹس کا بھی آغاز کیا گیا ہے۔ ان نئی منظوریوں سے، صوبے بھر میں عوامی اسکول کے 161 سے زائد فعال پروجیکٹس پر کام جاری ہے۔

"بجٹ 2026 البرٹا کے خاندانوں کے لیے انتہائی اہم امور پر مرتکز ہے: مزید سرجریز، ایمرجنسی کے لیے انتظار کے اوقات میں مزید کمی، اسکولوں اور اساتذہ تک رسائی میں بہتری اور ان افراد کے لیے سماجی معاونت، جن کو ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ صحت، تعلیم اور کمیونٹی کی خدمات میں سرمایہ کاری کی بدولت، حکومت یقینی بنا رہی ہے کہ البرٹا کے شہری نگہداشت، تدریس اور معاونت پر اس وقت بھروسہ کر سکیں جب ان کی اشد ضرورت ہو۔"

*نیٹ ہورنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیر مالیات*

**بجٹ 2026 کی نمایاں خصوصیات:**

**ہسپتالوں، سرجریز، علاج اور ہنگامی نگہداشت تک رسائی میں بہتری**

بجٹ 2026 درج ذیل کے ذریعے البرٹا کے ہسپتالوں اور سرجیکل صلاحیت میں اضافے کے لیے سرمایہ کاری کرتا ہے تاکہ بڑھتی ہوئی آبادی کی مانگ کو پورا کیا جا سکے:

- 2026-27 میں البرٹا کے ہسپتال اور سرجیکل نظاموں کو چلانے کے لیے 12.3$ بلین مختص کیے گئے ہیں، جو عملے کی بھرتی، سرجیکل سرگرمی، ایمرجنسی خدمات اور تشخیصی سہولتوں کی معاونت کریں گے۔ اس میں شامل ہیں:
  - فوری طبی نگہداشت میں 6$ بلین کی سرمایہ کاری، اس میں البرٹا کے سرجیکل اقدام میں اضافی 525$ ملین شامل ہیں، تاکہ اگلے تین سالوں میں 50,000 اضافی سرجریز مکمل کی جا سکیں۔
  - کینسر کیئر کے شعبے میں تین سالوں میں 1.2$ بلین، اس میں کینسر کیئر البرٹا کے لیے تین سالوں میں اضافی 223$ ملین مختص کیے گئے ہیں تاکہ مزید آنکولوجسٹس بھرتی کیے جا سکیں، سرجیکل صلاحیت کو بڑھایا جا سکے، کراس کینسر انسٹیٹیوٹ میں مزید جگہیں فراہم کی جا سکیں اور کینسر کیئر کی معاون خدمات تک رسائی کو وسعت دی جا سکے۔
    - کینسر کیئر کی گرانٹس میں تین سالوں میں 21$ ملین سے زائد کی فراہمی سے بیرونی فراہم کنندگان کے ذریعے پیش کردہ کمیونٹی کینسر پروگراموں کو استحکام اور وسعت دی جائے گی، تاکہ مریضوں اور ان کے اہلِ خانہ کو مستقل اور جامع نگہداشت حاصل ہو۔
  - فزیشن کے معاوضوں اور بہتریوں کے لیے آپریٹنگ اخراجات کی مد میں 1$ بلین۔
  - 2026-27 میں ہنگامی صحت کی خدمات میں 804$ ملین۔

**صحت کے پروجیکٹس کے لیے سرمایہ جاتی ڈالرز کی مدد سے نگہداشتِ صحت کے نظام میں گنجائش میں اضافہ**

2026 کیپٹل پلان صحت کے اہم جاری و ساری پروجیکٹس اور اقدامات کی حمایت جاری رکھے گا، بشمول:

- ریڈ ڈیئر ریجنل ہاسپٹل سینٹر ریڈویلپمنٹ کے لیے 1$ بلین۔
- اگلے تین سالوں میں 280$ ملین، اس میں ڈائیگناسٹک امیجنگ انہانسمنٹ پروگرام کے لیے نئی فنڈنگ میں 149$ ملین شامل ہیں تاکہ البرٹا کے ڈائیگناسٹک امیجنگ اور کینسر کیئر کی صلاحیت کو جدید اور وسیع کیا جا سکے۔ یہ کام بوسیدہ و ناکارہ آلات کو تبدیل کرے گا، جدید ٹیکنالوجیز متعارف کروائے گا اور بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے نظام کی مجموعی صلاحیت میں اضافہ کرے گا۔

"بجٹ 2026 البرٹا کے نگہداشت صحت کے نظام میں مستحکم سرمایہ کاریاں کرتا ہے، جس سے بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے اور البرٹا کے شہریوں کو بروقت، اعلیٰ معیار کی نگہداشت صحت کی فراہمی کی ہماری صلاحیت میں بہتری آتی ہے۔"
*میٹ جونز (Matt Jones)، وزیر برائے ہسپتال اور سرجیکل ہیلتھ سروسز*

**بنیادی نگہداشت صحت کے نظام کو مضبوط بنانا**

یہ بجٹ درج ذیل کے ذریعے بنیادی نگہداشت تک رسائی بہتر بناتا ہے:

- فزیشن کے معاوضوں کے لیے آپریٹنگ اخراجات کی مد میں 6.9$ بلین، یا 2025-26 کی پیش گوئی کے مقابلے میں 6.5 فیصد اضافہ ہے۔
- نرس پریکٹشنر پروگرام میں معاونت دینے کی خاطر تین سالوں میں 87$ ملین۔
- ڈرگز اور صحت کے اضافی فوائد کے لیے 2.2$ بلین، اس میں سینیئرز ڈرگ پروگرام شامل ہے، جو کہ 700,000 سے زائد بزرگ افراد کی معاونت کرنے والا سب سے بڑا ادارہ ہے۔

"بنیادی نگہداشت ہمارے صحت کے نظام کی بنیاد ہے۔ بجٹ 2026 بنیادی نگہداشت میں توسیع لانے اور مضبوط بنانے کے لیے اہم سرمایہ کاریاں کرتا ہے، تاکہ البرٹا کا ہر شہری ہر وقت، ہر جگہ مطلوبہ نگہداشت حاصل کر سکے۔"
*ایڈریانا لاگرانج، وزیر برائے بنیادی و حفاظتی صحت کی خدمات*

**البرٹا کے شہریوں کی بہبود میں معاونت**

درج ذیل کے ذریعے بجٹ 2026 میں معاون رہائش اور معذوری کی معاونتوں میں سرمایہ کاریاں:

- 5.9$ بلین اسسٹڈ لیونگ البرٹا اور کانٹینیوئنگ کیئر کے لیے مختص کیے جائیں گے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 495$ ملین سے زائد اضافہ ہے تاکہ جامع طبی و غیر طبی معاونتیں، ہوم کیئر، کمیونٹی کیئر اور سماجی خدمات فراہم کی جا سکیں۔
  اس میں شامل ہے:
  - 145$ ملین سے زائد تاکہ ایسے مریضوں کو جن کو فوری نگہداشت کی مزید ضرورت نہیں ہے ان کو اپنی کمیونٹی کی مناسب نگہداشت میں منتقل کیا جائے۔
- 2026-27 میں معذوری کی معاونتوں کے لیے 3.4$ بلین وقف کیے گئے ہیں، جو یقینی بناتے ہیں کہ البرٹا کینیڈا میں بہترین معذوری پروگرامز رکھتا ہے اور البرٹا کے معذوریوں کے شکار شہری فوائد کی وصولی اور اشد ضروری معاونتوں تک رسائی برقرار رکھ سکیں۔

"بجٹ 2026 اس امر کو یقینی بنانے کے مضبوط عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ البرٹا کے شہریوں کو معیاری معاون رہائش، معذوری کی معاونتوں اور صحت کی ضروری خدمات تک رسائی حاصل ہو۔ سرمایہ کاریوں میں اضافے اور اشد ضروری پروگراموں کی توسیع کے ذریعے ہم ایک ایسا صوبہ تشکیل دے رہے ہیں جہاں ہر فرد کو سہارا اور اختیار حاصل ہو تاکہ وہ اپنی مکمل صلاحیت تک پہنچ سکے۔"
*جیسن نکسن (Jason Nixon)، وزیر معاون رہائش اور سماجی خدمات*

**ذہنی صحت اور نشے سے نجات کی معاونتوں میں توسیع**

بجٹ 2026 درج ذیل کے ذریعے بحالی کی خدمات کو معاونت دیتا ہے:

- نشے سے نجات اور ذہنی صحت کی خدمات کی معاونت کے لیے 2.0$ بلین تاکہ ان معاونتوں تک رسائی میں توسیع کی جائے جو البرٹا کے شہریوں کو بحالی کے سفر کے لیے درکار ہیں۔ اس میں شامل ہے:
  - ذہنی صحت اور نشے سے نجات کی خدمات کے بنیادی فراہم کنندہ کے طور پر ریکوری البرٹا کے لیے 1.7$ بلین مختص کیے گئے ہیں۔
  - ذہنی صحت کے کلاس رومز میں توسیع اور ذہنی صحت کی پیچیدہ ضروریات کے حامل طلباء کے لیے کلینکل معاونتوں کی فراہمی کی خاطر 30$ ملین مختص کیے گئے ہیں۔
  - اس سال پانچ مقامی ریکوری کمیونٹیز کو فعال کرنے اور کھولنے کے لیے 29.6$ ملین مختص کیے گئے ہیں، تاکہ ثقافتی طور پر محفوظ، نشے سے نجات کے معالجے کی رہائشی سہولتیں ان مقامی عوام اور کمیونٹیز کے لیے فراہم کی جا سکیں جو نشے کی لت سے غیر متناسب طور پر متاثر ہیں۔
  - ذہنی صحت اور نشے سے نجات کے معالجاتی نظام میں 30 سائیکاٹرک بیڈز اور نہایت ضروری کمیونٹی پر مبنی 60 بیڈز کے لیے 26$ ملین مختص کیے گئے ہیں، جو ان افراد کے لیے ہیں جن کو اب ہسپتالوں میں داخل رہنے کی مزید ضرورت نہیں ہے، اس اقدام سے ایمرجنسی اور فوری نگہداشت کے نظام پر دباؤ کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- ایسے محفوظ انفراسٹرکچر کے قیام کے لیے تین سالوں میں 319$ ملین مختص کیے جائیں گے، جو ہمدردانہ مداخلت کے نفاذ کے لیے ضروری ہے، تاکہ ان افراد کو جو نشے اور منشیات سے نجات کے سب سے سنگین حالات سے گزر رہے ہیں، مناسب دیکھ بھال تک رسائی حاصل کر سکیں۔
- اگلے تین سالوں میں 82$ ملین کی سرمایہ کاری فراہم کی جائے گی تاکہ ریکوری کمیونٹیز کی تعمیر اور قیام مکمل کیا جا سکے۔

"سرمایہ کاری والے پروجیکٹس سے لے کر فرنٹ لائن خدمات اور معاونتوں تک، ہم اس بات کے لیے پُرعزم ہیں کہ البرٹا کے شہریوں کی فلاح و بہبود ہمیشہ اوّلین ترجیح بنی رہے۔ بجٹ 2026 البرٹا ریکوری ماڈل کے ترقیاتی کاموں کو جاری رکھتا ہے، تاکہ وہ لوگ جو نشے سے نجات یا ذہنی صحت کی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، ضرورت کے وقت، مناسب معاونت حاصل کر سکیں۔"
*ریک ویلسن (Rick Wilson)، وزیر برائے ذہنی صحت اور نشے سے نجات*

**نیوز ریلیز**

**کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 (K-12) تک تعلیم میں سرمایہ کاری**

بجٹ 2026 البرٹا کے اطفال کے لیے درج ذیل میں سرمایہ کاری کرتا ہے:

- تعلیم کی آپریٹنگ فنڈنگ کے لیے 10.8$ بلین مختص کیے جائیں گے تاکہ اسکول بورڈز مزید اساتذہ اور تعلیمی معاونین بھرتی کر سکیں، کلاس میں بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور پیچیدگی سے نمٹا جا سکے، جبکہ اخراجات میں ذمہ دارانہ رویہ برقرار رکھا جائے۔
- 27-2026 کے لیے 1.8$ بلین سے زائد مختص کیے جائیں گے تاکہ طلباء کو خصوصی تعلیمی ضروریات میں معاونت دی جا سکے۔
- اندراج میں اضافے سے نمٹنے کے لیے تین سالوں میں 560$ ملین مختص کیے جائیں گے۔
- 27-2026 میں 355$ ملین اور کلاس کے سائز اور پیچیدگی کے لیے تین سالوں میں کل 1.4$ بلین مختص کیے جائیں گے۔
- K-12 تعلیمی انفراسٹرکچر کے لیے تین سالوں میں 3.3$ بلین مختص کیے جائیں گے تاکہ 161 فعال اسکول پروجیکٹس کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر کی معاونت کی جا سکے، جس میں 600$ ملین فوری داخلے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ماڈیولر کلاس رومز شامل کرنے کے لیے مخصوص ہیں۔
- تین سالوں میں 90$ ملین نئے انڈیپنڈنٹ اسکول کیپٹل پروگرام کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔
    - یہ پروگرام 6,000 تک نئے طلباء کے لیے جگہیں فراہم کرے گا، جو شدید اور پیچیدہ تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کے لیے ثقافتی طور پر مناسب تعلیم اور وہ خاندان جو انڈیپنڈنٹ اسکول کا انتخاب کرتے ہیں، ان کی معاونت کرے گا۔

"یہ سرمایہ کاری اس بات پر مرتکز ہے کہ خاندانوں کے لیے سب سے اہم امور پر توجہ دی جائے۔ یہ اسکولوں کو اندراج میں اضافے کے مطابق قدم ملا کر چلنے، کلاس کے سائز پر دباؤ کم کرنے، اور یہ یقینی بنانے میں مدد دیتی ہے کہ کلاس رومز میں طلباء کی کامیابی کے لیے ضروری معاونت موجود ہو۔"

*ڈی میٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیر تعلیم اور نگہداشتِ طفل*

*بجٹ 2026 ان امور پر مرتکز ہے جو سب سے زیادہ اہم ہیں، جس میں طلباء اور کلاس رومز، نگہداشتِ صحت اور معیشت میں ہدف کردہ سرمایہ کاری شامل ہے، جبکہ مضبوط مالی قیادت کا مظاہرہ اور اخراجات پر قابو پانا بھی یقینی بنایا گیا ہے۔*

**متعلقہ معلومات**

- بجٹ 2026

**ملٹی میڈیا**

- نیوز کانفرنس ملاحظہ کریں، جو پابندی ختم ہونے کے بعد دستیاب ہو گی۔

**میڈیا سے متعلق استفسارات**

ماریسا بریز (Marisa Breeze)
Marisa.Breeze@gov.ab.ca
780-235-4427
سینیئر پریس سیکرٹری، ٹریژری بورڈ اور مالیات

گیریٹ کوہلر (Garrett Koehler)
Garrett.Koehler@gov.ab.ca
780-427-5010

# نیوز ریلیز

سینیئر پریس سیکرٹری، تعلیم اور نگہداشت طفل

میڈیسن میک کی (Maddison McKee)
Maddison.Mckee@gov.ab.ca
780-427-3665
پریس سیکرٹری، بنیادی و حفاظتی صحت کی خدمات

کائل وارنر (Kyle Warner)
Kyle.Warner@gov.ab.ca
780-644-8417
پریس سیکرٹری، ہسپتال اور سرجیکل ہیلتھ سروسز

ایمبر ایجرٹن (Amber Edgerton)
Amber.Edgerton@gov.ab.ca
780-643-6210
پریس سیکرٹری، معاون رہائش اور سماجی خدمات

نیتھنیئل ڈیوک (Nathaniel Dueck)
Nathaniel.Dueck@gov.ab.ca
587-336-6182
پریس سیکرٹری، ذہنی صحت اور نشے سے نجات